نماز میں خیال کسی اور جگہ چلا جائے اور رکعتوں کی تعداد میں شک ہو تو کیا کریں؟

مجیب: ابو مصطفی محمد کفیل رضا عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-64

تاریخ اجراء: 05 رجب المرجب 1442 ھ/18 فروری 2021ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں مفتیانِ کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ اگر نماز میں خیال کسی اور جگہ چلا جائے اور یاد نہیں رہا کہ کتنی رکعتیں پڑھ لیں تو وہ کیا کرے؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

اگر بالغ ہونے کے بعد رکعتوں کی تعداد میں ایسا شک پہلی مرتبہ ہوا تو نماز توڑ کر نئے سرے سے پڑھے یا جس طرف غالب گمان ہو تو اس پر عمل کرکے پڑھ لے مگر پھر بھی یہ نماز نئے سرے سے پڑھنی ہوگی اور اگر ایسا پہلی مرتبہ نہیں ہوا، اس سے پہلے بھی ایسی بھول ہو چکی ہو تو اب اگر اسے کسی طرف غالب گمان ہو تو اسی پر عمل کرے، مثلاً رکعتوں کے دو یا تین ہونے میں شک ہے اور غالب گمان ہے کہ تین پڑھ چکا تو تین ہی سمجھے اور اس صورت میں سجدہ سہو کی بھی حاجت نہیں ہے جبکہ سوچنے میں ایک رکن کی مقدار وقفہ نہ ہوا ہو۔ اور کسی طرف غالب گمان نہ ہو تو کم رکعتیں شمار کرلے مثلاً دو یا تین میں شک ہوا تو دو شمار کرلے، تین یا چار میں شک ہوا تو تین شمار کرلے علی ھذا القیاس، اور اس صورت میں تیسری اور چوتھی دونوں رکعتوں میں قعدہ کرے کیونکہ تیسری رکعت میں چوتھی رکعت ہونے کا احتمال ہے، اور آخر میں سجدہ سہو بھی کرے۔

بہارِ شریعت میں ہے: "جس کو شمارِ رکعت میں شک ہو، مثلاً تین ہوئیں یا چار اور بلوغ کے بعد یہ پہلا واقعہ ہے تو سلام پھیر کر یا کوئی عمل منافی نماز کرکے توڑ دے یا غالب گمان کے بموجب پڑھ لے، مگر بہر صورت اس نماز کو سرے سے پڑھے، محض توڑنے کی نیت کافی نہیں، اور اگر یہ شک پہلی بار نہیں بلکہ پیشتر بھی ہو چکا ہے تو اگر غالب گمان کسی طرف ہو تو اس پر عمل کرے ورنہ کم کی جانب کو اختیار کرے یعنی تین اور چار میں شک ہو تو تین قرار دے،

دو اور تین میں شک ہو تو دو، وعلی ہذا القیاس اور تیسری چوتھی دونوں میں قعدہ کرے کہ تیسری رکعت کا چوتھی ہونا محتمل ہے اور چوتھی میں قعدہ کے بعد سجدہ سہو کر کے سلام پھیرے اور گمان غالب کی صورت میں سجدہ سہو نہیں مگر جبکہ سوچنے میں بقدرِ ایک رکن کے وقفہ کیا ہو تو سجدہ سہو واجب ہو گیا۔" (بہارِ شریعت، ج1، ص718، مکتبۃ المدینہ)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَ رَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

دارالافتاء اہلسنت
DARUL IFTA AHLESUNNAT

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net